سوال

میں جہاں بھی جاؤں قرآن مجید اپنے ساتھ رکھتا ہوں اس لیے کہ ہمیشہ قرآن پڑھنا پسند کرتا ہوں اور اپنی کتابوں کے ساتھ بیگ میں رکھ لیتا ہوں، جب میں گھر سے باہر بیت الخلاء جانا چاہوں تو مجھے کیا کرنا چاہیئے؟ باہر نہیں رکھنا چاہتا اس لیے کہ ہوسکتا ہے کہ کوئی اٹھالے اس لیے میں کتابوں کے ساتھ بیگ میں رکھ کر اپنے ساتھ لے جاتا ہوں تو کیا یہ جائز ہے؟ امریکہ میں بیت الخلاء بہت زیادہ اور کھلی جگہ میں ہوتے ہیں اور قضائے حاجت کے لیے اس میں جگہ مخصوص ہوتی ہے تو مجھے اپنا بیگ کہاں رکھنا چاہیئے؟

جواب

الحمد للہ

اگر یہ ممکن ہو کہ آپ بیگ کو باہر ہی رکھیں تو یہ اچھا اور بہتر ہے، اور اس کے ضائع یا چوری ہونے سے ڈرتے ہیں تو اس بیگ کو اپنے ساتھ لے جا سکتے ہیں، اور اگر آپ اس بیگ کو پیشاب کرنے والی جگہ (کموڈ) سے دور رکھیں تو یہ افضل اور بہتر ہے۔

واللہ تعالی اعلم.